میڈیا آفس

حزب التحریر

ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر

HIZB UT TAHRIR

جمعہ، 19 صفر، 1441ھ | 18/10/2019 | نمبر 1441/13

پریس ریلیز

مودی مقبوضہ کشمیر پر جابرانہ فوجی قبضے کے بعد آبی جارحیت کا اعلان کر رہا ہے، لیکن "جنگ آپشن نہیں ہے" والے بھیڑیئے کے سامنے منمنائی بکری کی مانند منتیں کر رہے ہیں

جہالت، حماقت اور قوم سے خیانت یہ ہے کہ جارح قوت کے سامنے بزدلی دکھانے کے بعد یہ طمع رکھی جائے کہ جارح قوت مزید جارحیت کی مرتکب نہیں ہوگی۔ ہندو ریاست کے سربراہ نریندر مودی نے دو دن قبل 16 اکتوبر کو ہریانہ میں الیکشن جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا، "آپ وشواس کیجئے کہ ہندوستان کے حق کا پانی، ہریانہ کے کسانوں کا پانی ستر سال تک پاکستان جاتا رہا، یہ مودی اس پانی کو روکے گا"۔ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ پانی کی تقسیم کا مسئلہ جو 30 مارچ اور پندرہ اپریل 1948 کو سینٹرل باری دوآب نہروں اور دیپالپور کینال کو بالترتیب بھارت کی جانب سے بند کرنے سے شروع ہوا تھا، عملاً پاکستان حکمرانوں کی غداری کے باعث تین دریا راوی، ستلج اور بیاس کو بھارت کے حوالے کرنے پر ختم ہوا۔ لیکن اس کے باوجود مودی کو یہ کہنے کی جرات اس لئے ہوئی کیونکہ اس نے پاکستان کی بزدل سیاسی اور فوجی قیادت کی کشمیر پر بھارتی جابرانہ فوجی قبضے پر پھسپھسا جواب دیکھ لیا۔ حقیقت یہ ہے کہ بھارت اپنی جارحیت میں دن بدن آگے سے آگے بڑھتا ہوا آزاد کشمیر پاکستان سے لینے اور اب آبی جارحیت کا اعلان کر رہا ہے۔ اور منہ توڑ جواب کے بغیر ہرگز نہیں رکے گا۔

دفتر خارجہ کے ترجمان نے اس کے جواب میں بیان دیا کہ "بھارت کی جانب سے ان دریاؤں کا رخ موڑنے کی کوشش کو جارحیت سمجھا جائے گا اور پاکستان جواب کا حق محفوظ رکھتا ہے۔" تاہم جب شہ رگ کو بوٹ کے نیچے مسلنے کا جواب خالی تقریروں اور لائن آف کنٹرول پر فوٹو شوٹ سے دیا جائے گا، تو دریاؤں کا پانی بھارت موڑنے پر کیا اکھاڑ لیا جائے گا؟ 6 لاکھ جذبہ شہادت سے سرشار افواج، بیلسٹک و کروز میزائیلوں، سینکڑوں جنگی جہازوں، اور دنیا کے ٹاپ فائیو نیوکلیئر طاقت والی ریاست جب ٹھنڈے پیٹوں جارحیت برداشت کرتی ہے تو یہ دشمن کو مزید جارحیت کی دعوت سے کم نہیں ہے۔ اتنی بڑی فوجی طاقت رکھنے کے باوجود باجوہ عمران حکومت کا طرز عمل اس منمنائی بکری کا سا ہے جو سمجھتی ہے کہ منت سماجت سے بھیڑیا اس کو ہڑپ کرنے سے رک جائے گا یا چیل پنجوں میں گھری چڑیا کی معصوم شکل دیکھ کر اس پر رحم کر لے گی۔ حالانکہ اس کا حل افواجِ پاکستان کے کرنل شیر خانوں اور ایم ایم عالموں کو آزاد کرنے میں ہے۔ جو مودی کو اس کی اوقات دکھا دیں۔ پاکستان کی سیاسی و فوجی قیادت پاکستان کو دن بدن اکھنڈ بھارت کے امریکی ایجنڈے کی جانب لے کر جا رہی ہے۔ وقت آگیا ہے کہ پاکستان کے مخلص فوجی افسر وقت کی نزاکت کو سمجھیں اور خلافت کے قیام کے ذریعے اس اکھنڈ بھارت ایجنڈے پر بازی پلٹ دیں، ایسا نہ ہو کہ بہت دیر ہو جائے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا:

﴿قَاتِلُوهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللَّهُ بِأَيْدِيكُمْ وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ﴾

«ان سے لڑو۔ اللہ ان کو تمہارے ہاتھوں سے عذاب میں ڈالے گا اور رسوا کرے گا اور تم کو ان پر غلبہ دے گا اور مومن لوگوں کے سینوں کو ٹھنڈا کرے گا»

(التوبہ: 14)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com | انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 | ای میل: HTmediaPAK@gmail.com

فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK01 | ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK

پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK | واٹس ایپ نمبر: +967 713 645 449

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrira.org

حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info